روزنامہ ٹیلی فون نمبر:213029

C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

ہفتہ 23 جولائی 2005ء 15 جمادی الثانی 1426 ہجری 23 وفا 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 165

جوش توحید

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ آیت پڑھی ''آسمان لپٹے ہوئے ہیں اس کے داہنے ہاتھ میں۔ وہ پاک ہے اور بہت بلند ان شریکوں سے جو لوگ اس کے مقابل میں ٹھہراتے ہیں۔'' حضورؐ نے کہا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''میں بڑی طاقتوں والا اور نقصان کی تلافی کرنے والا ہوں۔ میرے لئے ہی بڑائی ہے۔ میں بادشاہ ہوں میں بلند شان والا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح اپنی ذات کی مجد اور بزرگی بیان کرتا ہے۔'' آنحضرت ﷺ ان کلمات کو بار بار بڑے جوش سے دہرا رہے تھے یہاں تک کہ منبر لرزنے لگا اور ہمیں خیال ہوا کہ کہیں آپ منبر سے گر ہی نہ جائیں۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر باب و ماقدروا اللہ حدیث نمبر 4437)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

روح کا خدائے واحد لاشریک کا طلب گار رہنا اور بغیر خدا کے وصال کے کسی چیز سے سچی تسلی نہ پانا یہ انسانی فطرت میں داخل ہے۔ یعنی خدا نے اس خواہش کو انسانی روح میں پیدا کر رکھا ہے جو انسانی روح کسی چیز سے تسلی اور سکینت بجز وصال الٰہی کے نہیں پا سکتی۔ پس اگر انسانی روح میں یہ خواہش موجود ہے تو ضرور ماننا پڑتا ہے کہ روح خدا کی پیدا کردہ ہے۔ جس نے اس میں یہ خواہش ڈال دی۔ مگر یہ خواہش تو درحقیقت انسانی روح میں موجود ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ انسانی روح درحقیقت خدا کی پیدا کردہ ہے۔ یہ قاعدہ کی بات ہے کہ جس قدر دو چیزوں میں کوئی ذاتی تعلق درمیان ہو اسی قدر ان میں اس تعلق کی وجہ سے محبت بھی پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ ماں کو اپنے بچہ سے محبت ہوتی ہے اور بچہ کو اپنی ماں سے کیونکہ وہ اس کے خون سے پیدا ہوا ہے اور اس کے رحم میں پرورش پائی ہے۔ پس اگر روحوں کو خدا تعالیٰ کے ساتھ کوئی تعلق پیدائش کا درمیان نہیں اور وہ قدیم سے خود بخود ہیں تو عقل قبول نہیں کر سکتی کہ ان کی فطرت میں خدا تعالیٰ کی محبت ہو۔ اور جب ان کی فطرت میں پرمیشر کی محبت نہیں تو وہ کسی طرح نجات پا ہی نہیں سکتیں۔

اصل حقیقت اور اصل سرچشمہ نجات کا محبت ذاتی ہے جو وصال الٰہی تک پہنچاتی ہے۔ وجہ یہ کہ کوئی محبؔ اپنے محبوب سے جدا نہیں رہ سکتا۔ اور چونکہ خدا نور ہے اس لئے اس کی محبت سے نور نجات پیدا ہو جاتا ہے اور وہ محبت جو انسان کی فطرت میں ہے خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ کی محبت ذاتی انسان کی محبت ذاتی میں ایک خارق عادت جوش بخشتی ہے۔ اور ان دونوں محبتوں کے ملنے سے ایک فنا کی صورت پیدا ہو کر بقاباللہ کا نور پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بات کہ دونوں محبتوں کا باہم ملنا ضروری طور پر اس نتیجہ کو پیدا کرتا ہے کہ ایسے انسان کا انجام فنافی اللہ ہو اور خاکستر کی طرح بے وجود ہو کر (جو حجاب ہے) سراسر عشق الٰہی میں روح غرق ہو جائے اس کی مثال وہ حالت ہے کہ جب انسان پر آسمان سے صاعقہ پڑتی ہے تو اس آگ کی کشش سے انسان کے بدن کی اندرونی آگ یک دفعہ باہر آ جاتی ہے تو اس کا نتیجہ جسمانی فنا ہوتا ہے پس دراصل یہ روحانی موت بھی اسی طرح دو قسم کی آگ کو چاہتی ہے۔ ایک آسمانی آگ اور ایک اندرونی آگ اور دونوں کے ملنے سے وہ فنا پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کے بغیر سلوک تمام نہیں ہو سکتا۔ یہی فناوہ چیز ہے جس پر سالکوں کا سلوک ختم ہو جاتا ہے۔ اور جو انسانی مجاہدات کی آخری حد ہے۔ اسی فنا کے بعد فضل اور موہبت کے طور پر مرتبہ بقا کا انسان کو حاصل ہوتا ہے۔ اسی کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ اس آیت کا خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کو یہ مرتبہ ملا انعام کے طور پر ملا یعنی محض فضل سے نہ کسی عمل کا اجر۔ اور یہ عشق الٰہی کا آخری نتیجہ ہے۔ جس سے ہمیشہ کی زندگی حاصل ہوتی ہے اور موت سے نجات ہوتی ہے۔ ہمیشہ کی زندگی بجز خدا تعالیٰ کے کسی کا حق نہیں۔ وہی ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔ پس انسانوں میں سے اسی انسان کو یہ جاودانی زندگی ملتی ہے جو غیروں کی محبت سے اپنا تعلق توڑ کر اور اپنی ذاتی محبت کے ساتھ خدا تعالیٰ میں فنا ہو کر ظلی طور پر اس سے حیات جاودانی کا حصہ لیتا ہے۔ اور ایسے شخص کو مردہ کہنا ناروا ہے کیونکہ وہ خدا میں ہو کر زندہ ہو گیا ہے۔ مردے وہ لوگ ہیں جو خدا سے دور رہ کر مر گئے۔

(چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 365)

جلسہ سالانہ برطانیہ 2005ء کے موقع پر حضور انور کے خطابات

مورخہ 31,30,29 جولائی 2005ء کو منعقد ہونے والے 39 ویں جلسہ سالانہ جماعت ہائے احمدیہ برطانیہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ سمیت جو خطابات ارشاد فرمائیں گے ان کی پاکستانی وقت کے مطابق تفصیل درج ذیل ہے۔ تیسرے دن عالمی بیعت بھی نشر ہوگی۔ جلسہ کی تمام کارروائی احمدیہ ٹیلی ویژن کے ذریعہ Live ٹیلی کاسٹ کی جائے گی۔

مورخہ 28 جولائی 2005ء

4:20 بجے سہ پہر:	معائنہ انتظامات جلسہ اور ڈیوٹی والوں سے حضور انور کا خطاب

مورخہ 29 جولائی 2005ء

5:00 بجے سہ پہر:	خطبہ جمعہ
8:25 بجے رات:	پرچم کشائی
8:30 بجے رات:	افتتاحی خطاب

مورخہ 30 جولائی 2005ء

4:00 بجے سہ پہر:	خواتین سے خطاب
7:30 بجے شام:	دوسرے دن کا خطاب

مورخہ 31 جولائی 2005ء

5:00 بجے سہ پہر:	عالمی بیعت
8:00 بجے رات:	اختتامی خطاب

نصرت جہاں اکیڈمی کا میٹرک کا شاندار نتیجہ

امسال نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے 117 طلباء و طالبات نے فیصل آباد بورڈ کے میٹرک کے امتحان میں شمولیت کی خدا تعالیٰ کے فضل سے 19 طلباء +A گریڈ، 43 طلباء A گریڈ، 33 طلباء B گریڈ، اور 21 طلباء C گریڈ میں کامیاب ہوئے اور ایک طالب علم کی کمپارٹ آئی۔ اکیڈمی کا نتیجہ 99.15% رہا جبکہ فیصل آباد بورڈ کا نتیجہ 52.13% رہا۔

باقی صفحہ 16 پر

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم سید مبشر احمد ایاز صاحب نائب ناظر اشاعت تحریر کرتے ہیں کہ مکرم ساجد محمود بٹر صاحب استاذ جامعہ احمدیہ اور مکرمہ امۃ المتین صاحبہ کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 8/جولائی 2005ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچی کا نام قانتہ محمود عطا فرمایا ہے نومولودہ محترم مولانا مبشر احمد صاحب کاہلوں مفتی سلسلہ کی نواسی اور مکرم ظفر اللہ خان بٹر صاحب کرتو ضلع شیخوپورہ کی پوتی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ بچی کو نیک اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم سلمان طارق خان صاحب اور محترمہ فوزیہ درثمین سلمان صاحبہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کو مورخہ 28 جون 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ذیشان احمد عطا فرمایا ہے۔ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ نومولود مکرم پروفیسر محمد رشید طارق صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور اور محترمہ راشدہ طارق صاحبہ سیکرٹری وصایا لجنہ کا پوتا ہے اسی طرح مکرم اقبال الدین صاحب نائب آڈیٹر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کا نواسہ ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک صالح اور خادم دین بنائے اسے صحت والی زندگی عطا فرمائے اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم مرزا قمر بیگ صاحب و محترمہ شکیبہ قمر صاحبہ آسٹریلیا کو مورخہ 7 جولائی 2005ء کو ایک بیٹے اور ایک بیٹی کے بعد بیٹی سے نوازا ہے۔ بچی کا نام اشاء قمر Ushna تجویز کیا گیا ہے۔ بچی مکرم مرزا محمد سعید بیگ صاحب مرحوم سابق صدر جماعت احمدیہ پتوکی ضلع قصور اور محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ کی پوتی ہے۔ نیز حضرت مرزا دین محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ مکرم مرزا قمر بیگ صاحب اور ان کے والد مکرم مرزا محمد سعید بیگ صاحب دونوں ہی اسیران راہ مولا ہیں۔ اور بچی مکرم محمود احمد قریشی صاحب مرحوم ماڈل ٹاؤن لاہور کی نواسی ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک صالح اور خادمہ دین بنائے اسے صحت والی لمبی زندگی عطا کرے۔ اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

لادت

مکرم بشارت احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میری بیٹی مکرمہ امۃ العزیز صاحبہ اہلیہ مکرم وحید احمد صاحب راولپنڈی کو یکم جولائی 2005ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ نومولود وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچے کا نام تمثیل احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم چوہدری عزیز احمد صاحب ٹینچ بھاٹہ راولپنڈی کا پوتا ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے نیک خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنادے۔ آمین

اعلان دارالقضاء

(مکرم رانا عبدالغفار خان صاحب بابت ترکہ محترم رانا عبدالجبار خان صاحب)

محترم رانا عبدالغفار خان صاحب نے درخواست دی ہے کہ خاکسار کے والد محترم رانا عبدالجبار خان صاحب وصیت نمبر 7255 بقضائے الٰہی وفات پا چکے ہیں۔ قطعہ نمبر 5/24 دارالرحمت شرقی ب ربوہ برقبہ ایک کنال ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

(1) محترم رانا عبدالغفار خاں صاحب (پسر)
(2) محترم رانا عبدالرزاق خاں صاحب (پسر)
(3) محترم رانا جعفر احمد خاں صاحب (پسر)
(4) محترم منور شاہد صاحب (پسر)
(5) محترمہ رشیدہ سلطانہ صاحبہ (دختر)
(6) محترمہ وحیدہ بیگم صاحبہ (دختر)
(7) محترمہ وحیدہ بیگم صاحبہ (دختر)
(8) محترمہ شگفتہ خانم صاحبہ (دختر)

درخواست ہے کہ قطعہ مذکورہ بالا حسب ذیل کے مطابق منتقل کردیا جائے۔

(i) میرے حصہ کے علاوہ مکرم رانا عبدالرزاق خاں صاحب مکرم جعفر احمد خاں صاحب اور مکرمہ رشیدہ سلطانہ صاحبہ کے حصے خاکسار کے نام منتقل کردیئے جائیں۔

(ii) مکرم منور شاہد صاحب مکرمہ وحیدہ بیگم صاحبہ مکرمہ شگفتہ خانم صاحبہ کے نام الگ الگ منتقل کردیئے جائیں۔

(iii) محترمہ والدہ صاحبہ کا حصہ ان کی تحریر کے مطابق چاروں بیٹوں کے نام منتقل کیا جائے۔

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء میں رجوع کرے۔

(ناظم دارالقضاء)

تقریب شادی

مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریر کرتے ہیں کہ مکرم عبدالحلیم طیب صاحب نیشنل سیکرٹری تربیت جماعت احمدیہ کینیڈا کے بیٹے مکرم عثمان حلیم ڈوگر صاحب کی شادی کی تقریب ہمراہ مکرمہ رمیسہ اسحاق صاحبہ بنت چوہدری محمد اسحٰق صاحب مورخہ 29 جون کو ہوئی اور دعوت ولیمہ مورخہ 30 جون 2005ء کو ہوئی جس میں ازراہ شفقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت سیدہ بیگم صاحبہ مدظلہا نے شرکت فرمائی مکرم عثمان حلیم صاحب حضرت ماسٹر چراغ محمد صاحب آف کھارا نزد قادیان رفیق حضرت مسیح موعود کے پوتے اور مکرم نذیر احمد ساجد صاحب مرحوم کے نواسے ہیں۔ مکرم چوہدری محمد اسحاق صاحب جماعت احمدیہ کینیڈا کے ایک مخلص اور فدائی احمدی ہیں۔

نکاح

مکرم امان اللہ سیال صاحب صدر جماعت احمدیہ قطبہ جوڑہ ضلع قصور تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 7 جولائی 2005ء کو بیت المبارک ربوہ میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد نے مکرمہ ماریہ طارق صاحبہ بنت مکرم چوہدری طارق عبداللہ صاحب جرمنی کے نکاح کا اعلان مبلغ -/1000 یورو حق مہر پر میرے پوتے مکرم رحمت اللہ سیال صاحب ابن مکرم چوہدری عزیز اللہ سیال صاحب ربوہ کے ساتھ کیا۔ عزیزہ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب مرحوم نیو مسلم ٹاؤن لاہور کی نواسی اور مکرم چوہدری محمد ابراہیم رشید صاحب آف دارالفضل ربوہ کی پوتی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے یہ رشتہ دونوں خاندانوں اور احمدیت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔

اعلان داخلہ

جرمنی کے اشتراک سے قائم شدہ پنجاب سکول آف مائنز کٹاس ضلع چکوال نے درج ذیل تین سالہ ڈپلومہ کورسز سیشن 2005ء میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ (i) مائننگ ٹیکنالوجی (ii) مکینیکل ٹیکنالوجی (iii) لینڈ اینڈ مائنز سروے ٹیکنالوجی۔

داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 10/اگست 2005ء ہے جبکہ ٹیسٹ و انٹرویو مورخہ 16/اگست 2005ء کو ادارہ میں ہوگا۔ مزید معلومات روزنامہ جنگ مورخہ 12 جولائی 2005ء سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

یونیورسٹی آف دی پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف ایڈمنسٹریٹو سائنسز نے چار سالہ بی ایس (آنرز) ڈگری مینجمنٹ سائنسز کی درج ذیل فیلڈز میں آفر کی ہے۔ (i) ہیومن ریسورس مینیجمنٹ۔ (ii) پبلک اینڈ نان پرافٹ سیکٹر مینیجمنٹ۔ (iii) انفارمیشن ٹیکنالوجی۔ (iv) مارکیٹنگ۔ (v) فنانس۔

اس ڈگری میں داخلہ کے لئے انٹری ٹیسٹ مورخہ 3/اگست 2005ء کو ہوگا نیز ٹیسٹ کے لئے انرولمنٹ کی آخری تاریخ 2/اگست 2005ء ہے۔ مزید معلومات کے لئے اس فون پر رابطہ کریں۔ (042-9231164,9231165)

دی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان نے گریجویٹ اور نان گریجویٹ کے لئے پری انٹری پروفیشینسی ٹیسٹ (Per-entry Proficiency Test) کے پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ اس ٹیسٹ میں شمولیت کے لئے درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 13/اگست 2005ء ہے۔ انٹری ٹیسٹ مورخہ 12 ستمبر 2005ء کو ہوگا۔ مزید معلومات کے لئے روزنامہ ڈان مورخہ 10 جولائی 05ء ملاحظہ کریں۔

بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینیجمنٹ سائنسز کوئٹہ نے درج ذیل پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔

(i) بی ایس کمپیوٹر سائنس۔ (ii) بی ایس سائنسز with سپیشلائزیشن۔ (iii) بی ایس سوشل سائنسز۔ (iv) بی ایس بزنس ایڈمنسٹریشن۔ (v) بی ایس اکنامکس۔ (vi) بی ایس بائیوٹیکنالوجی اینڈ انفارمیٹکس۔ (vii) بی ایس انجینئرنگ پروگرام۔ (viii) بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی۔ (ix) بی ایس کمپیوٹر انجینئرنگ۔ (x) ایم ایس الیکٹرانک انجینئرنگ۔ (xi) ایم ایس سیمی کنڈکٹر فزکس۔ (xii) ایم ایس میتھمیٹکس (xiii) ایم ایس انوائرنمنٹل مینیجمنٹ اینڈ پالیسی۔ (xiv) ایم ایس انوائرنمنٹل سائنس۔ (xv) ایم ایس انڈسٹریل اینڈ اپلائیڈ کیمسٹری (xvi) ایم ایس بائیوٹیکنالوجی اینڈ انفارمیٹکس۔ (xvii) پی ایچ ڈی پروگرام۔

درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 10/اگست 2005ء ہے۔ مزید معلومات کے لئے روزنامہ ڈان مورخہ 10 جولائی 05ء ملاحظہ کریں۔

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد نے ایم ایس سی اکنامکس اینڈ فنانس میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ یہ دوسالہ پروگرام ہے جو کہ ستمبر 2005ء میں شروع ہوگا اس میں داخلے کیلئے درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 4/اگست 2005ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 17 جولائی 2005ء ملاحظہ کریں۔

گورنمنٹ کالج برائے خواتین گلبرگ لاہور نے انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلے کا اعلان کردیا ہے۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 جولائی 2005ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 19 جولائی 2005ء ملاحظہ کریں۔

کوئین میری کالج لاہور نے انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلے کا اعلان کردیا ہے۔ اس سلسلہ میں داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 28 جولائی 2005ء ہے نیز ادارہ نے امسال 2005ء سے سیکنڈ شفٹ کا بھی آغاز کردیا ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 19 جولائی 2005ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفیق اور ایک مجموعہ عجائب شخصیت

حضرت بابو محکم دین صاحب مختار امرتسری

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد۔ مؤرخ احمدیت

موعود اقوام عالم کے رفقاء کا قابل رشک مقام

حضرت سیدنا و امامنا و مرشدنا محمود المصلح الموعود نے بیت اقصیٰ قادیان دارالامان کے منبر پر 22/اگست 1942ء کو ایک بصیرت افروز خطبہ جمعہ دیا جس میں ارشاد فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کا ایک ایک رفیق جو فوت ہوتا ہے وہ ہمارے ریکارڈ کا ایک ایک رجسٹر ہوتا ہے۔ جسے ہم زمین میں دفن کردیتے ہیں۔ اس ضمن میں حضور نے تاریخ اسلام سے حضرت جنید بغدادی سے متعلق ایک مجذوب کے مرثیہ کا تذکرہ فرمایا کہ اس نے ان کی تدفین کے بعد آپ کی قبر پر کھڑے ہوکر چار دردانگیز شعر کہے جن کا ترجمہ یہ ہے۔ ہائے افسوس ان لوگوں کی جدائی پر جو دنیا کے لئے سورج کا کام دے رہے تھے اور جو دنیا کے لئے قلعوں کا رنگ رکھتے تھے۔ لوگ ان سے نور حاصل کرتے تھے۔ وہ شہر تھے جن سے تمام دنیا آباد تھی وہ بادل تھے جو سوکھی ہوئی کھیتیوں کو ہرا کردیتے تھے وہ پہاڑ تھے جن سے دنیا کا استحکام تھا۔ اسی طرح وہ تمام بھلائیوں کے جامع تھے اور دنیا ان سے امن اور سکون حاصل کر رہی تھی۔ ہمارے لئے زمانہ تبدیل نہیں ہوا۔ مشکلات کے باوجود ہمیں چین ملا۔ آرام حاصل ہوا اور دنیا کے دکھوں اور تکلیفوں نے ہمیں گھبراہٹ میں نہ ڈالا مگر جب وہ فوت ہو گئے تو ہمارے لئے سکھ بھی تکلیف بن گئے اور ہمارے آرام بھی دکھ بن گئے پس ہمیں کسی آگ کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ ہمارے دل خود انگارا بنے ہوئے ہیں۔ اور ہمیں کسی اور پانی کی ضرورت نہیں کیونکہ ہماری آنکھیں خود بارش برسا رہی ہیں۔

حضرت مصلح موعود نے حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کرنے والے بزرگوں کی نسبت بتایا کہ ''ان کی والہانہ محبت کے نظارے ایسے ہیں کہ **دنیا ایسے نظارے صدیوں دکھانے سے قاصر رہے گی۔''** (الفضل 28/اگست 1941ء)

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است برجریدۂ عالم دوام ما

جیسا کہ رسالہ ''تجلیات الٰہیہ'' سے ثابت ہے 15 مارچ 1906ء تک امام الزماں کے دست مبارک پر مبائعین کی تعداد چار لاکھ تک پہنچ گئی۔ ان خوش نصیبوں میں جو محبوب ازلی کے محبوب کے فدائیوں میں شامل تھے حضرت بابو محکم دین صاحب مختار (وکیل) امرتسر بھی تھے جن کا اصل وطن پٹی ضلع لاہور تھا۔

آپ جو بیعت اولیٰ (23 مارچ 1889ء) سے قبل بھی حضرت اقدس کے مخلص ارادت مند اور عقیدت مند تھے۔ آپ ہی کی تحریک پر حضرت مولوی حسن علی بھاگلپوری پہلی بار حضور کی زیارت کے لئے قادیان تشریف لے گئے۔ اس تاریخی موقع پر آپ بھی ہم سفر تھے۔ یہ 22 مارچ 1888ء کا واقعہ ہے۔ اپنی آمد کی اطلاع حضرت مولانا صاحب نے 13 مارچ 1888ء کو حضرت کی خدمت میں قبل از وقت بذریعہ کارڈ دیتے ہوئے اپنا پتہ یہ لکھا ''خادم کمترین حسن علی آڈیٹر نور اسلام و اسلامی واعظ مکان محکم الدین صاحب وکیل کٹڑہ جمیل سنگھ امرتسر''۔ ٹھیک ایک سال بعد حضرت مسیح موعود نے لدھیانہ میں 23 مارچ 1889ء سلسلہ بیعت کا آغاز فرمایا جس کے صرف سوا ماہ بعد 29/اپریل 1889ء کو آپ بھی آخرین کے مبارک زمرہ میں شامل ہو گئے۔ ''رجسٹر بیعت اولیٰ'' کے مطابق سلسلہ میں داخل ہونے والوں میں آپ کا نمبر 90 تھا اور آپ امرتسر شہر کے اول المبائعین تھے۔ مشہور جلیل القدر عالم حضرت مولانا سید محمد احسن امروہوی نے صرف چھ روز قبل بیعت کا شرف حاصل کیا۔ حضرت مولوی صاحب کے داخل سلسلہ ہونے کے صرف ایک ماہ بعد حضرت منشی جلال الدین صاحب بلانوی ضلع گجرات جنہیں 313 رفقاء کبار میں سرفہرست ہونے کا دائمی اعزاز حاصل ہے۔ 24 مئی کو نعمت احمدیت سے مالا مال ہوئے۔

حضرت بابو محکم دین صاحب کو 27 دسمبر 1891ء کے پہلے تاریخی سالانہ جلسہ میں شمولیت کا فخر بھی نصیب ہوا (آسمانی فیصلہ) ازاں بعد 1892ء کے جلسہ سالانہ کی برکات سے فیضیاب ہونے کی بھی سعادت پائی۔ اس سالانہ جلسہ کے شرکاء کی فہرست بشمولہ آئینہ کمالات اسلام میں آپ کا اسم گرامی 290 نمبر پر زینت اشاعت ہے۔

یہ جلسہ 27 دسمبر 1892ء کو انعقاد پذیر ہوا۔ جلسہ کے دوسرے روز صبح کو حضرت بابو محکم دین صاحب نے حضرت سید میر ناصر نواب صاحب دہلوی سے اپنے قبول احمدیت کے مختصر حالات و اثرات کا تذکرہ کیا۔

حضرت میر صاحب (ولادت 1846ء-وفات 19 ستمبر 1924ء) کا روح پرور بیان ہے کہ:

''ایک امرتسری وکیل صاحب نے اپنا عجیب قصہ سنایا جس سے مرزا صاحب کی اعلیٰ درجہ کی کرامت ثابت ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وکیل صاحب پہلے سنت جماعت مسلمان تھے۔ جب جوان ہوئے رسمی علم پڑھا تو دل میں بسبب مذہبی علم سے عدم واقفیت اور علمائے وقت اور پیران زمانہ کے باعمل نہ ہونے کے شبہات پیدا ہوئے اور تسلی بخش جواب کہیں سے نہ ملنے کے باعث چند بار مذہب تبدیل کیا۔ (-) آریہ ہوئے چند روز وہاں کا مزہ چکھا مگر لطف نہ آیا۔ برہمو میں شامل ہوئے ان کا طریق اختیار کیا لیکن وہاں بھی مزا نہ پایا۔ نیچری بنے لیکن اندرونی صفائی یا خدا کی محبت کچھ نورانیت کہیں بھی نظر نہ آئی۔ **آخر مرزا صاحب سے ملے اور بہت بے باکانہ پیش آئے مگر مرزا صاحب نے لطف سے مہربانی سے کلام کیا اور ایسا اچھا نمونہ دکھایا کہ آخرکار (دین) پر پورے پورے جم گئے اور نمازی بھی ہو گئے۔ اللہ اور رسول کے تابعدار بن گئے اب مرزا صاحب کے بڑے معتقد ہیں۔''**

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 638)

ظرافت طبع اور تصوف کے چلتے پھرتے پیکر

حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی الکبیر جنہوں نے اپنا مشہور عالم ہفت روزہ الحکم مرکز احمدیت قادیان میں منتقلی سے قبل امرتسر میں جاری فرمایا تھا۔ حضرت بابو صاحب کے دیرینہ مخلص دوستوں میں سے تھے۔ آپ کی چشم دید شہادت ہے کہ

''حضرت بابو محکم دین مختار عدالت بڑے ظریف طبع اور صوفی منش تھے۔ انہوں نے 29/اپریل 1889ء کو بیعت کی تھی اور خاکسار عرفانی کے ساتھ ان کے تعلقات اخوت کا سلسلہ 1893ء میں قائم ہوا اور آخر وقت تک قائم رہا۔ حضرت مولوی حسن علی صاحب بھاگلپوری جب امرتسر آئے تو بابو محکم دین صاحب نے ان سے حضرت اقدس کا ذکر کیا اور آپ کو قادیان آنے کی تحریک کی۔

اور وہ خود بھی آپ کے ساتھ قادیان آئے اگرچہ حضرت مولوی صاحب نے اپنی کتاب تائید حق میں اتنا ہی لکھا کہ دو ایک دوست ساتھ ہوئے گو انہوں نے نام نہیں لکھا مگر میں جانتا ہوں ان میں سے ایک شیخ عبدالعزیز تھے جو اہلحدیث تھے اور انجمن حمایت اسلام کے جنرل سیکرٹری تھے اور حضرت مولوی حسن علی صاحب کی سعی سے ایک یتیم خانہ کھولا گیا تھا اس کا انتظام بھی ان کے ہاتھ میں تھا۔ وہ شیخ بٹالوی کے اختلاف کے ساتھ مخالف ہو گئے۔ دوسرے دوست یہی بابو محکم دین صاحب تھے وہ بڑے ہنس مکھ اور وجیہہ شخص تھے پٹی ضلع لاہور کے رہنے والے تھے ان کی زندگی عجائبات کا مجموعہ ہے۔ عبدالعزیز صاحب تو صرف اس وجہ سے کہ وہ جنرل سیکرٹری تھے کرھاً آئے مگر ان کے لانے کا اصل موجب بابو محکم دین تھے۔ حضرت حکیم الامۃ نے ایک مرتبہ ان کو فرمایا تھا کہ میں اشراقین کے طریق پر امرتسر ہی میں تمہیں تعلیم دے سکتا ہوں۔ حضرت مسیح موعود کی مجلس میں ایک مرتبہ ظہر کی نماز کے بعد جبکہ حضرت تشریف فرما تھے آپ نے بابو محکم دین صاحب سے پوچھا آپ کو کوئی تکلیف تو نہیں کوئی ضرورت ہو تو مجھے کہنا تکلف سے کام نہ لینا کھانے وغیرہ کے متعلق جو خواہش ہو مجھے کہنا۔

اس پر بابو محکم دین صاحب نے عرض کیا حضور لنگر خانہ میں ہر قسم کا آرام ہے کوئی تکلیف نہیں۔ البتہ ایک عرض ہے کہ کچھ سینہ کا گوشت ملنا چاہئے۔

بعض لوگ کچھ حیران سے ہوئے اور حضرت اس کے استعارہ کو سمجھ گئے میں جو ان کے حالات سے واقف تھا میں بھی سمجھا۔ حضرت اقدس نے مسکرا کر فرمایا ہاں وہ تو ملتا ہی رہتا ہے۔

بعد میں بعض لوگوں نے کہا کہ یہ آپ نے کیا کہہ دیا تو انہوں نے کہا میں نے جن سے مانگا تھا وہ سمجھ گئے اور مجھے مل گیا۔ اس نے ان دوستوں سے کہا یہ استعاروں میں باتیں کرتے ہیں مطلب یہ تھا کہ **وہ علم جو سینہ کو قوت دے اور معرفت کا ذریعہ ہو ملنا چاہئے۔** ان کے اس قسم کے بہت سے لطائف ہیں میں نے 1896ء میں ان کے ساتھ سرکاری قانون کے ماتحت ایک سپیشل افسر کا کام بھی کیا تھا انتظام محرم کے سلسلہ میں۔ اب صرف ایک واقعہ ان کی معرفت کا لکھتا ہوں خلافت ثانیہ کے پہلے دن کی صبح کو وہ تہجد کی نماز میں اٹھے اور ایک دوتارہ لے کر قریباً ہر جگہ جہاں جماعت کے لوگ آئے ہوئے تھے گئے۔ دوتارہ بجاتے تھے اور کہتے جاتے تھے نطفہ ہے علقہ ہے ان **الفاظ میں حضرت مسیح کے الفاظ وصیت کی طرف اشارہ کر رہے تھے۔**

''خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ میں تیری جماعت کے لئے تیری ذریت سے ایک شخص کو قائم کروں گا اس کو اپنے قرب اور وحی سے مخصوص کروں گا سو ان دنوں کے منتظر رہو اور تمہیں یاد رہے کہ ہر ایک کی شناخت اس کے وقت میں ہوتی ہے اور قبل از وقت ممکن ہے کہ وہ معمولی انسان دکھائی دے یا بعض دھوکہ دینے والے خیالات کی وجہ سے قابل اعتراض ٹھہرے۔

اسامہ اظہر صاحب

میرے والد محترم سعید احمد صاحب اظہر مربی سلسلہ کی یاد میں

وہ عظیم بے حد پیارا وجود گو آج ہم میں موجود نہیں مگر ان کی کمی ہمیں ہمیشہ ان کی یاد دلاتی رہے گی۔ محبت کرنے والے، ہر ایک کی فکر کرنے والے، ہماری ہر خواہش کو پورا کرنے والے میرے والد محترم قریشی سعید احمد صاحب اظہر کی پیدائش 1930ء میں قادیان کی مقدس اور بابرکت بستی میں ہوئی۔ ہمارے دادا محترم ماسٹر محمد علی صاحب اظہر ٹی آئی ہائی سکول قادیان میں 1922ء تا 1945ء بطور ٹیچر رہے اور حساب اور اردو پڑھایا کرتے تھے۔ والد صاحب نے ابتدائی تعلیم قادیان سے حاصل کی اور پھر 1945ء میں جبکہ وہ آٹھویں کلاس کے طالب علم تھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے خطبات برائے وقف زندگی سن کر زندگی وقف کر دی۔ پاکستان بننے پر ان کے والدین راولپنڈی سیٹل ہو گئے اور والد صاحب نے میٹرک، ایف اے اور بی اے کر لیا۔ 1951ء میں مولوی فاضل کا امتحان پنجاب یونیورسٹی سے پاس کیا۔ واقف زندگی ہونے کی وجہ سے لاہور چنیوٹ اور پھر احمد نگر میں جامعہ احمدیہ میں تعلیم حاصل کی۔ 1948ء میں فرقان فورس میں بھی رہے جس کی بناء پر حکومت پاکستان سے میڈل حاصل کیا اور پاکستان کے پہلے کمانڈر انچیف کی طرف سے ملٹری سرٹیفکیٹ حاصل کیا اور پھر جب 1951ء میں بھارت کی فوج پاکستان کی سرحدوں پر آ گئی اور جنگ کا خطرہ پیدا ہو گیا ان دنوں جامعہ احمدیہ کی ہدایت پر پولیس Join کی اور پولیس سرٹیفکیٹ حاصل کیا۔ 1953ء شاہد کی ڈگری حاصل کی اور بطور مربی سلسلہ دفتر اصلاح و ارشاد میں کام شروع کر دیا۔ 1954ء میں آپ کو بطور مربی ضلع شیخوپورہ لگا دیا گیا۔ ایک سال بعد 1955ء میں مربی ضلع لاہور مقرر ہوئے مگر مکرم چوہدری انور حسین صاحب امیر صاحب ضلع شیخوپورہ کی کوشش سے والد صاحب کو پھر ایک سال بعد شیخوپورہ ٹرانسفر کر دیا گیا اور 1968ء تک بطور مربی ضلع شیخوپورہ خدمات سرانجام دیں۔ اس کے بعد فیصل آباد ٹرانسفر ہو گئی اور 1975ء تک فیصل آباد میں حضرت شیخ محمد احمد صاحب مظہر ایڈووکیٹ امیر ضلع فیصل آباد کے ساتھ کام کیا۔ 1975ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی ہدایت پر بچوں کو ربوہ شفٹ کر کے نائیجیریا چلے گئے اس کے بعد کینیڈا اور پھر یوگنڈا میں کافی وقت گزارا۔ واپسی پر پھر سے شیخوپورہ اور فیصل آباد میں بطور مربی خدمات سرانجام دیں۔ زندگی کا آخری دور دفتر اصلاح و ارشاد مقامی اور پھر تقریباً آخری دو سال بطور نائب ناظر مال آمد کام کیا اس طرح تقریباً 21 سالہ دور ضلع شیخوپورہ اور تقریباً 12 سال فیصل آباد اور تقریباً 12 سال ہی بیرون ملک خدمت دین میں گزرے۔

والد صاحب نے اپنے عہد وقف کو بڑے اخلاص محبت اور خوبصورتی سے نبھایا اور ہر مشکل دور میں ثابت قدم رہے۔ شرافت عاجزی اور انکساری کے دامن کو کبھی نہ چھوڑا۔ اپنے دوستوں کا ذکر کر کے بڑے خوش ہوتے۔ اپنے وقت کے دو نامور امراء محترم چوہدری انور حسین صاحب اور حضرت شیخ محمد احمد صاحب مظہر امیر ضلع فیصل آباد کے ساتھ یادگار وقت گزارا۔ اسی طرح چوہدری انور حسین صاحب کے بیٹے مکرم چوہدری بشیر صاحب مرحوم امیر صاحب ضلع شیخوپورہ کے ساتھ بہت دوستانہ ماحول تھا۔

والد صاحب کی وفات والے دن محترم طارق محمود صاحب نائب ناظر مال آمد نے مجھے بتایا کہ ایک دفعہ تمہارے ابو اور میں اور ہمارے ایک اور دوست کسی کی تعزیت پر گئے۔ جن صاحب کی وفات ہوئی تھی ان کے بڑے بیٹے ملے۔ طارق صاحب نے بتایا کہ میں نے بھی اظہار افسوس کیا اور میرے ساتھ والے دوست نے بھی افسوس کا اظہار کیا مگر جب تیسرے نمبر پر تمہارے ابو نے اس کو گلے لگایا تو کہنے لگے کہ ”بہت بہت مبارک ہو آپ کے ابا جان کو بہشتی مقبرے میں جگہ ملی ہے یہ آپ کے لئے اور ان کے لئے بہت بڑی سعادت ہے۔“

والد صاحب کا معمول تھا کہ اکثر شام کو گھر پر مغرب کے بعد بچوں کو اپنی زندگی میں بیتے ہوئے واقعات سنایا کرتے تھے۔ اپنا افریقہ میں گزرا ہوا وقت یا پھر فیصل آباد شیخوپورہ کے حالات۔ ان کے واقعات بڑے دلچسپ اور ایمان افروز ہوتے تھے۔ واقعات تو بہت سے ہیں مگر اس وقت دو واقعات بیان کروں گا۔

والد صاحب نے بتایا کہ جن دنوں میں یوگنڈا میں تھا تو ہم لوگ تین افراد یعنی والد صاحب کے علاوہ دو لوکل آدمی کسی دوسرے شہر دورے پر جا رہے تھے۔ راستہ میں 3-4 کلومیٹر کا جنگل تھا جہاں سے پیدل گزر کر جانا تھا۔ ابھی کچھ فاصلہ ہی طے ہوا تھا کہ انہوں نے دیکھا دور ایک جگہ آگ جل رہی ہے اور اس پر ایک تیل سے بھرا کڑاہا پڑا ہے جس کے قریب ایک ادھیڑ عمر عورت جو کافی بھاری بھرکم اور جس کی آنکھیں غصہ سے سرخ ہو رہی تھیں بیٹھی ہے اور اس آگ کے اردگرد کافی تعداد میں جنگلی حبشی ناچ گا رہے ہیں۔ جب اس عورت نے ان کو دیکھا تو اس نے حکم دیا کہ ان کو پکڑ کر میرے پاس لے آؤ۔ چنانچہ چند جنگلی حبشی ان کے پاس آ کر ناچنا اور گانا شروع ہو گئے اور ان کو اس طرف دھکیلنا شروع کر دیا۔ والد صاحب کہنے لگے کہ شروع میں تو میں گھبرایا مگر چند لمحوں میں اپنے آپ کو سنبھال لیا۔ چنانچہ جب ان کو اس عورت کے پاس لے گئے تو وہ عورت بڑے غصہ سے دیکھ کر ان کو کچھ کہنے لگی۔ ابا نے ترجمان جو کہ ساتھ تھا اور ان کی مقامی زبان جانتا تھا اس سے پوچھا کہ یہ کیا کہہ رہی ہے؟ اس نے بتایا کہ یہ عورت کہہ رہی ہے کہ

”اے اجنبی تو کدھر آ نکلا ہے تجھے ہم ذبح کریں گے تیری بوٹیاں بنائیں گے اور اس کڑاھے میں ڈال کر تجھے پکائیں گے اور کھائیں گے۔“

اور ساتھ ہی اردگرد کے حبشیوں نے پھر خوشی سے ناچنا گانا شروع کر دیا۔ والد صاحب نے اس عورت کے سر پر ہاتھ رکھا اور ترجمان کو کہا کہ جو میں کہوں تم ان کو ان کی زبان میں بتانا۔ چنانچہ والد صاحب نے اس عورت کے سر پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ

”اے ماں ہم تو تیرے پاس اللہ کا پیغام پہنچانے آئے ہیں اگر تو ہمیں ذبح کرنا چاہتی ہے تو تیری مرضی مگر ہم تو اتنی دور سے چل کر صرف تیرے پاس اس کا پیغام پہنچانے آئے ہیں جو تیرا بھی رب ہے اور میرا بھی رب ہے۔“

والد صاحب نے بتایا کہ جب اس عورت نے ماں کا لفظ سنا تو فوراً اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور اس نے والد صاحب کو اپنے پاس بیٹھا لیا اور پوچھا کہ کدھر جا رہے ہو اور کس غرض سے آئے ہو۔ والد صاحب نے بتایا اور ساتھ ہی دعوت الی اللہ شروع کر دی اور پھر دو گھنٹے کے اندر اس عورت سمیت پورے کا پورا قبیلہ احمدی ہو گیا اور اس کے بعد انہوں نے مشن ہاؤس میں بھی آنا شروع کر دیا اور رابطہ رکھا۔

اسی طرح ایک اور واقعہ ضلع فیصل آباد کا ہے۔ والد صاحب ان دنوں مربی ضلع فیصل آباد تھے۔ فیصل آباد کے قریب ایک گاؤں گنڈا سنگھ والا ہے۔ جمعہ کے دن والد صاحب نے اپنا دورہ گنڈا سنگھ کا رکھا اور جمعہ کے بعد جلسہ کا بھی پروگرام تھا۔ چنانچہ صبح نو بجے والد صاحب گنڈا سنگھ کی بیت الذکر پہنچ گئے۔ ایک مخالف کو پتہ چلا کہ احمدیوں کا مربی یہاں آیا ہے اور جلسہ کرنا چاہتا ہے اس نے سپیکر پر اعلان کر دیا کہ ”آج مرزائیوں کا مولوی ہمارے گاؤں میں آیا ہے اور جلسہ کرنا چاہتا ہے۔ (یہ جون کے مہینہ کی بات ہے جبکہ گرمی کی شدت انتہا کی تھی) میں اعلانیہ کہتا ہوں کہ اگر یہ لوگ سچے ہیں اور ان کی احمدیت سچی ہے تو خدا سے یہ دعا کریں کہ آج بارش ہو جائے لیکن آج اگر بارش نہ ہوئی تو یہ لوگ جھوٹے اور ان کی جماعت بھی جھوٹی ہے“۔ دور دور تک بارش کا امکان بھی کوئی نہ تھا۔ چنانچہ یہ پیغام اس نے ایک بوڑھی عورت کے ہاتھ دے کر ابا جان کو بھجوایا اور تمام گاؤں والوں نے بھی یہ اعلان سنا۔

والد صاحب نے بتایا کہ شروع میں میں نے اس طرف زیادہ توجہ نہ دی مگر جمعہ کی نماز میں مجھے خیال آیا اور میں نے خدا سے دعا کی۔ کہنے لگے کی جب نماز جمعہ میں دوسری رکعت کا آخری سجدہ تھا تو مجھ پر رقت طاری ہو گئی اور گڑ گڑا کر خدا سے دعا کی اور جب سلام پھیرا تو باہر بادلوں کی گھن گرج سنائی دی اور تھوڑی ہی دیر میں اتنی شدید بارش ہوئی کہ میں نے شام کو واپس فیصل آباد آنا تھا مگر گاؤں میں اتنا پانی کھڑا ہو گیا تھا کہ واپسی کا کوئی راستہ نہ تھا۔ چنانچہ جمعہ کے بعد جلسہ کیا اور رات وہاں رکنا پڑا۔ اس مخالف کو غیر احمدیوں نے مار مار کر گاؤں سے باہر نکال دیا اور رات تک 70 غیر از جماعت افراد نے بیعت کر لی۔

والد صاحب نے اپنی ساری زندگی بڑی سادہ پروقار اور عزت کے ساتھ گزاری۔ مجھے یاد ہے کہ نائیجیریا کے دور میں والدہ نے کہیں خط میں اظہار کیا ہو گا کہ گزارہ بمشکل ہوتا ہے۔ جواب آیا کہ تمہارا تو گزارا ہو رہا ہے خواہ مشکل سے میں تو بعض اوقات ایک وقت کی روٹی کھا کر گزارہ کرتا ہوں۔

انہیں مرغیاں پالنے، باغبانی کا اور شکار کا شوق تھا شیخوپورہ کے زمانہ میں ان کے پاس کئی نسلوں کی مرغیاں تھیں اور لاہور میں ہر سال مرغیوں کی نمائش ہوا کرتی تھی۔ ہر سال ان کی مرغیاں پاکستان بھر میں پہلے نمبر پر آتی رہیں۔

ان کا روز کا معمول تھا کہ صبح تین بجے اٹھ کر لائٹ جلا دیتے اور جب تک ہم اٹھتے وہ صاف لباس پہن کر بیٹھے اور ہاتھ میں کوئی نہ کوئی کتاب یا الفضل ہوتی۔ جب تک خدا نے صحت دی تیزی کے ساتھ پیدل چلتے۔ اکثر ہم باپ بیٹے اکٹھے دفتر آیا جایا کرتے تھے۔ اتنی تیزی کے ساتھ چلتے کہ بعض اوقات میں کہتا کہ ابو میں بھی آپ کے ساتھ چل رہا ہوں ذرا آہستہ۔ ہنس کر کہتے کہ اسامہ اگر ابھی سے یہ تمہارا حال ہے تو آگے کیا بنے گا۔

والد صاحب بتاتے تھے کہ اپنی زندگی میں بہت سے مناظرے کئے اور اللہ نے بے حد عزت دی۔

کبھی کبھی میں سوچتا تھا کہ واقفین کے بچوں کو خدا کس طرح سنبھالتا ہے لیکن اب پتہ چلا ہے جب خدا نے مجھے ایک خوبصورت گھر دیا جبکہ میری حیثیت ایک دیوار کھڑی کرنے کی بھی نہ تھی اور مجھ سے ایک چھوٹا بھائی کریسنٹ ملز میں بطور ڈپٹی مینیجر بہت اعلیٰ تنخواہ پر کام کر رہا ہے اور دو بہنیں اپنے اپنے گھروں میں خوش باش زندگی گزار رہی ہیں۔ یہ صرف والدین کی دعاؤں ان کی محنت اور زندگی وقف کرنے اور پھر ثابت قدم رہنے کے نتیجہ میں ہے۔ اور محض خدا کا فضل ہے۔

والدین کی موجودگی خواہ بیمار ہوں مگر ایک سہارا ہوتا ہے کہ والدین سر پر ہیں اور دوسرے نمبر پر ان کی دعائیں ہمیشہ اولاد کے ساتھ ہوتی ہیں۔

اعجاز احمد کلیم صاحب

چترال سے گلگت

خوابوں کا سفر حقیقت کی راہوں پر

براعظم ایشیا کے دل میں واقع پاکستان کا شمال جس کی حیثیت ازمنۂ قدیم میں ایک چوراہے کی سی رہی ہے۔ بلند و بالا پہاڑوں اور یکہ وتنہا وادیوں کی سرزمین ہے جہاں ہر طرف پھول بکھری چراگاہیں ہیں، جہاں ہواؤں سے اٹکھیلیاں کرتے ہوئے بادلوں کے بیچوں بیچ برف سے لدی ہوئی چوٹیاں آسمان سے سرگوشیاں کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ کوئی تصور ہی تصور میں سکندراعظم کے گھوڑوں کی ٹاپوں کو سن سکتا ہے۔ چینی زائرین کو بدھ ازم کے سنہری دور میں مقدس تحریرات تلاش کرتے ہوئے دیکھ سکتا ہے اور ریشم سے لدے ہوئے قافلوں کی گھنٹیوں کی آوازوں کو سن سکتا ہے جو کبھی ان راہوں پر اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہوا کرتے تھے۔

دوسرے علاقوں سے الگ تھلگ اور علیحدہ، پہاڑوں کے دل موہ لینے والے مناظر جہاں قدرت اپنے پورے شباب پر ہے اور جہاں لوگ مہمان نوازی میں کسرنفسی سے کام نہیں لیتے، یہ وہ حسین امتزاج ہے جو ایک طالع آزما انسان کو اسے بات پر مجبور کردیتا ہے کہ وہ وہاں جائے کہ اسے مہم جوئی کے کاموں کی شدید پیاس ہے۔ حسین مناظر سے لگاؤ ہے اور فطرت سے محبت اس کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔

آج ہنزہ، نگر، گلگت، چترال اور بلتستان ملکی اور غیرملکی سیاحوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس جنت نظیر خطے کی شان وشوکت، خوبصورتی اور لوگوں کی مہمان نوازی کا کھوج کریں۔ بظاہر نگاہوں سے اوجھل ان علاقوں تک پہنچنے کا واحد ذریعہ وہ جیپ کے تنگ راستے ہیں جو اوپر وادیوں کی جانب رینگتے ہیں۔

چترال

چترال، 1475 میٹر کی بلندی پر پاکستان کے شمال مغربی کونے میں باقی علاقوں سے الگ تھلگ تقریباً 320 کلومیٹر لمبی وادی ہے۔ ہندوکش کا وسیع کوہستانی سلسلہ اس کو افغانستان سے جدا کرتا ہے۔ نومبر سے مئی تک چترال کا رابطہ برف سے ڈھکے ہوئے دروں کی وجہ سے پاکستان کے باقی علاقوں سے ٹوٹ جاتا ہے۔ گرمیوں میں چترال تک درہ لواری (3118 میٹر) کے ذریعے پہنچا جاسکتا ہے۔

چترال مختلف زبانیں بولنے والوں کی آماجگاہ ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق چترال کی وادی میں دس زبانیں بولی جاتی ہیں تاہم پچاسی فیصد لوگ کھووار زبان ہی بولتے ہیں۔ چترال سے گلگت کا سفر کرنے کے لئے بہترین موسم جولائی اور اگست کے مہینے ہیں چترال جانے کے لئے آپ مردان جائیں وہاں سے تیمرگرہ اور دیر کے لئے گاڑی دستیاب ہے۔ دیر سے چترال کے لئے گاڑی آسانی سے مل جاتی ہے۔ جو تقریباً چھ سے سات گھنٹوں میں درہ لواری، دروش اور آیون سے گزرتے ہوئے آپ کو چترال پہنچا دے گی۔ آج سے چند سال قبل چترال سے گلگت جانے کے لئے کئی کئی دن انتظار کرنا پڑتا تھا کیونکہ شاذونادر ہی کوئی گاڑی گلگت کے لئے ملتی تھی لیکن اب باقاعدہ گاڑی دستیاب ہے۔ ایک آدمی کا کرایہ 650 روپے ہے۔ چترال سے گلگت کا سفر سترہ سے اٹھارہ گھنٹوں میں طے ہوتا ہے۔

چترال سے گلگت کا سفر

چترال سے نکلتے ہی دریائے مستوج کے دائیں کنارے سفر شروع ہوتا ہے جس کے پرلے کنارے پر چترال ایئرپورٹ کا رن وے نظر آتا ہے۔ ایئرپورٹ سے ذرا پرے گرم چشمہ کی طرف جانے والی سڑک دکھائی دیتی ہے۔ خوبصورت بل کھاتی سڑک پر چلتے ہوئے تقریباً چالیس منٹ کے بعد آپ کوغذی نامی جگہ پہنچتے ہیں۔ سرسبز وشاداب درختوں کے بیچ گھری ہوئی یہ جگہ اپنی مثال آپ ہے۔ کوغذی سے ذرا آگے گولن گول دریا کے ساتھ ساتھ درہ فرگام (5056 میٹر) کی طرف جانے والے راستے کا آغاز ہوتا ہے جس کا اختتام ہرچین کے مقام پر ہوتا ہے۔ یہ ٹریک پانچ دن پر مشتمل ہے۔ یاد رہے کہ درہ فرگام کا ایک راستہ مدگلشٹ سے بھی شروع ہوتا ہے جو لوئی گال کے درے سے گزر کر گولن گول کے راستے سے آملتا ہے۔

کوغذی کے بعد ایک اہم مقام ریشن ہے یہاں سے بھی ایک راستہ درہ فرگام والے راستہ سے 30 کلومیٹر کے بعد مل جاتا ہے۔ چترال سے روانہ ہونے کے تین گھنٹوں کے بعد آپ بونی پہنچتے ہیں۔ بونی تک سڑک پکی ہے اس کے بعد تنگ اور پتھریلے جیپ کے راستے کا آغاز ہوتا ہے جس کے ایک طرف مستوج کا چنگھاڑتا ہوا دریا بعض اوقات دل کو گدگدانے کی کوشش کرتا ہے لیکن راستے کی خوبصورتی آپ کی توجہ اپنی جانب مبذول کرلیتی ہے۔ بونی سے کچھ آگے دور دائیں طرف گنبدنما برف سے ڈھکی ہوئی چوٹی دکھائی دیتی ہے۔ جو سورج کی شعاعوں کو منعکس کرتے ہوئے آنکھوں میں چکاچوند پیدا کرتی ہے۔

مستوج سے تین کلومیٹر پہلے آپ دریائے مستوج کو چھوڑ کر اپنا سفر دریائے لاسپور کے ساتھ شروع کردیتے ہیں۔ اس مقام پر لاسپور کا دریا دریائے مستوج میں شامل ہوجاتا ہے۔ مسلسل بلندی کی طرف جاتی ہوئی سڑک، پتھروں سے سر پھوڑتا ہوا لاسپور کا دریا اور دونوں اطراف میں بلند پہاڑوں سے نیچے آتی ہوئی برف کی لکیریں، یہ انعام ہے قدرت کی طرف سے آپ کے لئے کہ آپ نے چترال سے گلگت کا پرمشقت سفر کرنے کا ارادہ کیا اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے اس راستے پر رواں دواں ہیں۔

دریائے لاسپور کی وادی ہرچین اور بروک کے گاؤں کو پیچھے چھوڑتے ہوئے آپ سورلاسپور پہنچتے ہیں جو درہ کچی کھنی (4766 میٹر) کے ٹریک کا نقطہ آغاز ہے۔ چترال کو سوات سے ملانے والا یہ ٹریک چار دنوں پر مشتمل ہے۔ سورلاسپور انتہائی سرسبز و شاداب اور آنکھوں کو تراوت بخشنے والا علاقہ ہے جو تقریباً 3000 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ سورلاسپور کے فوراً بعد درہ شندور کی چڑھائی شروع ہوجاتی ہے۔ ایک گھنٹہ کے پیچ وخم کے بعد ہرے بھرے سطح مرتفع نما درہ شندور کا آغاز ہوتا ہے۔ سامنے ہی ایک بڑی جھیل ہے جس کے شفاف نیلے پانی میں برف پوش پہاڑوں کا عکس انسان کو تمام تر تھکاوٹ یکسر فراموش کردینے پر مجبور کردیتا ہے۔ جھیل کے پانی کی رنگت ناقابل بیان حد تک نیلی ہے۔ جھیل سے ذرا پرے پولو کا مشہور میدان ہے جہاں ہر سال گلگت اور چترال کی ٹیموں کے درمیان میچ کھیلے جاتے ہیں۔ پولو کے میدان سے آگے ایک چھوٹی جھیل اور بھی ہے جو شندور کے بے پناہ فطری حسن میں مزید اضافے کا باعث ہے۔

اس کے بعد درہ شندور کی اترائی شروع ہوتی ہے۔ نیچے پہنچتے ہی لنگر نامی جگہ ہے جہاں ایک طرف سے آتا ہوا دریا کئی شاخوں میں منقسم ہے۔ یہاں سے ایک راستہ جنوب کی جانب سوات کی طرف جاتا ہے اس راستہ پر جنوب کی طرف دس کلومیٹر کے فاصلے پر ایک جھیل ہے جو مچھلیوں سے بھری ہوئی اور خوبصورتی کا شاندار نمونہ ہے۔ یہاں سے سوات جانے کے لئے درہ بشکار (4924 میٹر) کے پار جانا پڑتا ہے۔ یہ ٹریک بعدازاں کچی کھنی کے ٹریک سے مل جاتا ہے۔

لنگر کے بعد برست کا گاؤں آتا ہے۔ برست سے چمرخن کے درے کے راستے دو دن میں دریائے یارخون کی وادی میں اترا جاسکتا ہے۔ برست تقریباً 3300 میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ یہ گاؤں غذر کی وادی کا آخری گاؤں ہے۔ تیرو سے ہوتے ہوئے آپ تقریباً چالیس منٹ میں ہندرپ پہنچتے ہیں۔ ہندرپ کے نالے کے ساتھ ساتھ پانچ سے چھ دنوں میں سوات پہنچا جاسکتا ہے۔ یہ راستہ درہ ددریلی (5030 میٹر) سے گزر کر دیوانگر کے مقام پر کچی کھنی کے ٹریک سے مل جاتا ہے۔ اس راستے پر کئی مقامات پر جھیلیں آتی ہیں۔ ان بے نام جھیلوں کے روپہلے اور شفاف پانیوں میں ہلکورے لیتا ہوا پہاڑوں کا منظر ذہن کے گوشوں سے تھکاوٹ کی دھند کو دور کردیتا ہے۔

ہندرپ سے مزید مشرق میں چند کلومیٹر کے فاصلے پر پھنڈر کی وادی ہے جو کہ چترال سے گلگت کے درمیان سب سے زیادہ خوبصورت اور بہشت بریں جیسے مناظر سے پر ہے۔ یہاں بھی کچھ فاصلے پر ایک جھیل ہے۔ جھیل اور پھنڈر کی وادی کا قدرتی حسن دیکھ کر انسان بے اختیار قدرت کی رعنائیوں پر مسکرا اٹھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر انسان کا بھروسہ اور بڑھ جاتا ہے۔

پھنڈر سے دوبارہ پکی سڑک کا آغاز ہوتا ہے۔ اب گوپس تک تمام راستہ کسی قدر تنگ گھاٹی میں غذر کے دریا کے کنارے طے ہوتا ہے۔ شمران سے ہوتے آپ خلتی پہنچتے ہیں۔ شمران سے شمال کی جانب ایک ٹریک کا آغاز ہوتا ہے جو بعد میں نازبر اور زگار کے ٹریک سے مل جاتا ہے۔ درہ نازبر کے ذریعے وادی یاسین کی طرف اور درہ نگار کے ذریعے زیریں یارخون کی وادی میں پہنچا جاسکتا ہے۔ خلتی میں دریائے غذر ایک جھیل کی شکل اختیار کئے ہوئے ہے اور اس پر رسوں سے بنا پل خلتی گاؤں کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ کچھ دیر جنت نظیر راستوں پر مزید سفر کے بعد آپ گوپس پہنچتے ہیں یہ ایک بڑا قصبہ ہے۔ یہاں سے دریائے غذر پر بنے پل کو پار کرکے وادی یاسین کی جانب سفر کیا جاسکتا ہے۔

گوپس انتہائی دلکشی اپنے اندر سموئے ہوئے ایک سرسبز و شاداب قصبہ ہے۔ یہاں سے درمدر سے ہوتے ہوئے آپ تقریباً پچاس منٹ میں گاہکوچ پہنچتے ہیں۔ درمدر سے ایک ٹریک اسمبر کے ٹریک سے مایور کے مقام پر جاملتا ہے۔ گاہکوچ کے قریب ہی اشکومان کا دریا غذر کے دریا میں شامل ہوتا ہے۔ گاہکوچ سے گلگت دو گھنٹے کے فاصلے پر ہے۔ گاہکوچ سے کچھ دور ایک سڑک بائیں جانب اشکومان کی وادی کی جانب مڑجاتی ہے۔ شیرقلعہ اور سنگل سے گزرتے ہوئے آپ گلگت کی جانب رواں دواں ہیں شیرقلعہ سے درہ بچار (4000 میٹر) کو عبور کرکے نلتر پہنچا جاسکتا ہے۔ شیرقلعہ سے گزرنے کے بعد کچھ دیر میں آپ برسین پہنچتے ہیں۔ یہاں سے دور فاصلے پر برف سے ڈھکی ہوئی ڈوبانی کی چوٹی (6143 میٹر) دکھائی دیتی ہے جو اس بات کا پتہ دیتی ہے کہ آپ گلگت کے قریب ہیں۔

چند منٹ کے بعد آپ گلگت پہنچ جاتے ہیں۔ گلگت سطح سمندر سے 1500 میٹر کی بلندی پر واقع ہے جو شاہراہ ریشم کے ذریعے پاکستان کے دیگر علاقوں سے ملا ہوا ہے۔ گلگت میں جون اور جولائی میں سخت گرمی اور فروری میں شدید اور منجمد کردینے والی سردی پڑتی ہے۔

آپ نے چترال سے گلگت کا سفر کرتو لیا لیکن آپ جہاں کہیں بھی جائیں گے اور جہاں کہیں بھی رہیں گے وقت آپ کے دل سے کبھی بھی پھنڈر کی وادی کی مبہوت کردینے والی خوبصورتی، ہندرپ کے پہاڑوں کے دلکش اور دل آویز مناظر اور شندور کی جھیلوں کی نیلاہٹ کے انمٹ نقوش کو محو نہیں کرسکے گا۔

پھول دار پودے اور جھاڑیاں

پلچر یما
(Poinsettia Pulcherrima)

یہ جھاڑی نما پھول دار پودا اپنی طرز کے پودوں میں زیادہ تیز رفتاری سے بڑھتا ہے۔ یہ پودا چند ہفتوں میں نشوونما کی کئی منزلیں طے کر لیتا ہے۔ اسے زیادہ تر ان گھروں اور باغوں میں کاشت کیا جاتا ہے جہاں پتوں اور پھولوں کی با افراط ضرورت ہو۔ پلچر یما عجیب قسم کا پھول ہے جس کے گرد بڑے بڑے پتوں کے گچھے ہوتے ہیں جو دیکھنے میں بڑے خوشنما نظر آتے ہیں۔ یہ پودے یورپی ممالک میں کرسمس پودے کے طور پر کاشت کئے جاتے ہیں۔ اس کی کاشت کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی قلمیں ریت میں کاشت کر دی جاتی ہیں۔ یہ عمل اگست، ستمبر کے مہینوں میں کیا جاتا ہے۔ جب پودے اگ آتے ہیں تو انہیں گملوں میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔ اس پودے پر قرمزی رنگ کے پھول آتے ہیں۔ پھولوں کا گھنا پودا حاصل کرنے کے لئے پھولوں کے بعد پودے کو زمین سے ایک فٹ اوپر کاٹ دیا جاتا ہے۔ پلچر یما کا یہ گھنا پودا بڑی لمبی عمر پاتا ہے۔ بسا اوقات ایسا پودا بیس بائیس سال پھول دیتا ہے۔

لائی گسٹرم لوسی ڈم
(Ligustrum Lucidum)

یہ سدا بہار اور مضبوط ترین پودا ہے جس کی زیادہ سے زیادہ بلندی آٹھ دس فٹ ہوتی ہے۔ یہ پودا مضبوط ہونے کے باعث گھر اور باغ میں کئی سال تک موجود رہتا اور پھول پیدا کرتا ہے۔ اس جھاڑی نما پودے کی موجودگی میں دیگر پھولدار پودوں کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ اس پودے کی سب سے بڑی پہچان یہ ہے کہ اس کی شاخیں نیچے کی طرف لٹکی ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ پودا زرد اور سفید رنگ کے انتہائی خوشبودار پھول دیتا ہے۔ یہ پودا زیادہ تر قلم کے ذریعے پیدا کیا جاتا ہے۔ اس کے پتے سال بھر قائم رہتے ہیں جن کی وجہ سے پودا پورا سال پُر بہار نظر آتا ہے۔ اکثر گھروں میں دوسرے جھاڑی نما پودوں کی نسبت اس کی کاشت کو ترجیح دی جاتی ہے۔

پلیومیریا
(Plumeria)

پاکستان اور یورپی ممالک میں اس خوشبودار پودے کی کئی اقسام موجود ہیں۔ یہ پھول زیادہ تر اپنی خوشبو کی وجہ سے پسند کیا جاتا ہے۔ اس پودے کی خوشبو اس قدر تیز ہوتی ہے کہ ایک گھر میں بویا ہوا پودا دوسرے گھروں کو بھی خوشبو دیتا ہے۔ اگر پلیومیریا کا پودا ایک گھر میں لگا دیا جائے تو دوسرے گھر والے سمجھ لیتے ہیں کہ ان کے گھر کی ضرورت پوری ہو گئی ہے۔ یہ مضبوط تنے کا سدا بہار پودا ہے۔ اس پودے پر بڑے بڑے پتے لگتے ہیں جن کے باعث پلیومیریا بھلا معلوم ہوتا ہے۔ اتفاق سے اس پھول کی شکل مندر یا پگوڈا سے ملتی ہے اور اسے مندر اور پگوڈا درخت کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ رنگا رنگ خوبیوں کے باوجود اس جھاڑی نما پودوں میں نقص یہ ہے کہ اس کے خوبصورت پتے جھڑ جاتے ہیں اور اس دوران پودے کی خوبصورتی میں فرق محسوس کیا جاتا ہے لیکن یہ کیفیت زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہتی۔ اس کمی کو آبیاری کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے۔ پلیومیریا ایک بار کاشت کر لیا جائے تو بیس بائیس سال کے لئے پھولوں کے حصول کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ یہ کئی سال تک گھر کے آنگن یا باغ میں موجود رہتا ہے۔

مروا
(Murray Exotica)

سدا بہار جھاڑی نما پودوں میں اس پودے کا سب سے زیادہ پھیلاؤ ہوتا ہے۔ یہ بیل دس بارہ فٹ لمبی ہوتی ہے۔ بلند ترین دیواریں اس بیل کے باعث سج جاتی ہیں۔ یہ پودا ان گھروں میں کاشت کرنا چاہئے جن کی دیواریں بلند ہوں یا گھر کا ماتھا بڑا وسیع ہو۔ جہاں بیل آرائش کا کام دے سکے۔ مروا کے پتے انتہائی سبز، چمکیلے اور دیدہ زیب ہوتے ہیں۔ جونہی موسم برسات شروع ہوتا ہے مروا کے پودے سفید پھولوں کے گچھوں سے بھر جاتے ہیں جن سے بھینی بھینی خوشبو آتی ہے۔ تمام صحن پھولوں کی مہک سے معطر ہو جاتا ہے۔ جب تک پودے پر پھول موجود رہتے ہیں یہ کیفیت موجود رہتی ہے۔ مروا کے پھول گلدستوں اور گلدانوں میں لگانے کے لئے مختلف انداز میں تراشے جاتے ہیں۔ یہ پھول براہ راست بیج سے پیدا کیا جاتا ہے۔ اس پھول کی پود لگانے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

سرخ بندے
(Hemelia Patens)

پھولوں کی تاریخ میں دو پھولوں کے ملتے جلتے نام ہیں۔ ایک پودا زرد بندے کہلاتا ہے جسے زرد رنگ کے پھول لگتے ہیں لیکن ایک سدا بہار پودا ایسا بھی ہے جو مالٹا رنگ کے پھول دیتا ہے اور اسے سرخ بندے کہا جاتا ہے۔ اس پودے کے پتے بڑے گھنے ہوتے ہیں۔ یہ پودا زیادہ تر سڑکوں اور روشوں کے کنارے لگایا جاتا ہے۔ اس پھول کی شاخیں تراش کر پودے کی مختلف دیدہ زیب شکلیں بنائی جاتی ہیں۔ سرخ بندے کے پھول لبوترے ہوتے ہیں اور ان سے مسلسل خوشبو آتی ہے جس سے پورا گھر معطر ہو جاتا ہے۔

سیسٹرم پرکوی
(Cestrum Parqui)

یہ سدا بہار پھولوں میں سب سے خوبصورت پھول ہے۔ اسے دیکھ کر اس کی خوبصورتی پر یقین نہیں آتا۔ سیسٹرم پرکوی کی کئی قسمیں ہیں جو اپنی اپنی جگہ خوش رنگ ہیں لیکن ان پھولوں کی سنہری مائل قسم پاکستان میں سب سے مقبول ہے۔ اس پودے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ سارا سال پھول دیتا ہے۔ جب گھر میں سنہری پھول گلدستوں اور گلدانوں میں لگائے جاتے ہیں تو قوس قزح کا سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ سیسٹرم پرکوی کا پودا بھی جھاڑی نما ہے۔ یہ اپنی مضبوطی کی وجہ سے کئی سال موجود رہتا ہے اور اس میں پھول پیدا کرنے کی صلاحیت کم نہیں ہوتی۔

گڑھل
(Ai Biscus Rose)

یہ موسم گرما کا مقبول پھول ہے جو گرمیوں کے موسم میں سرخ، گلابی، سفید اور زرد پھول پیدا کرتا ہے۔ اس پھول کی اکہری اور دہری اقسام موجود ہیں۔ اس پودے کی شکل جھاڑی نما ہوتی ہے۔ باغ میں زیادہ عرصہ موجود رہتا اور زیادہ پھول دیتا ہے۔ گڑھل کا پودا ایک بار کاشت کر لینے سے طویل عرصے تک پھولوں کے حصول کا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ بڑے گھروں اور باغات میں گڑھل کے ایک سے زیادہ پودے کاشت کئے جاتے ہیں۔ اس سے نہ صرف سارے گھر کی سجاوٹ ہو جاتی ہے بلکہ پورا گھر پھولوں سے بھر جاتا ہے۔

کیسیا ڈائی ڈی موبوٹرا
(Cassia Didymobotria)

یہ جھاڑی نما پودا سارا سال پھول دیتا ہے جن کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ بسا اوقات اس کی لمبائی سات آٹھ فٹ ہوتی ہے۔ یہ زیادہ تر ان گھروں اور باغوں میں کاشت کیا جاتا ہے جو بہت بڑے نہ ہوں۔ دسمبر اور اپریل کے دوران اس پودے پر زرد رنگ کے پھول آتے ہیں۔ یہ سدا بہار جھاڑی نما پودا اگر ایک بار کاشت کر لیا جائے تو پھولوں کی سال بھر کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے۔ یہ پودا بڑا سخت جان ہے جو مختلف قسم کی آب و ہوا اور زمینوں میں کاشت کیا جا سکتا ہے۔ ناخوشگوار موسمی حالات بھی اس پر کم اثر انداز ہوتے ہیں۔

برلیریا
(Berleria)

